
ابرہام

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.






پیدایش 25-10:11,25:10


تارح سے ابرام اور نحور اور حاران پیدا ہوئے۔
ابرام نے سارَی کو جو اُس کی بہنوں میں سے ایک تھی سے شادی کر لی۔
اِس کے فوراً بعد، تارح نے اپنے بیٹے ابرام اور اپنی بہو سارَی کو اُور کے خوشحال شہر مسوپتامیہ کو چھوڑ دینے کے لئے تیار کیا۔
اُس نے اپنے پوتے لُوط کو بھی تیار کیا، جس کا باپ ہارون مر چُکا تھا۔
تارح اور اُس کے خاندان نے شمال مغرب میں دریائے فرات کے ساتھ حاران کے لئے سفر کیا۔
اپنے جانوروں اور مال واسباب کے ساتھ کنعان کے لئے سفر کرنے کا یہ آسان راستہ تھا بجائے اس کے کہ بڑے صحرا کو پار کیا جاتا۔


حاران میں اُس کے باپ کی وفات کے بعد، خُدا ابرہام سے ہمکلام ہوا اور اُس سے ایک عہد باندھا یا معاہدہ کیا۔
تُو اپنے وطن اور اپنے ناتے داروں کے بیچ سے اور اپنے باپ کے گھر سے نکل کر اُس ملک میں جا جو میں تجھے دکھاؤں گا۔
وہاں میں تجھے ایک بڑی قوم بناؤں گا اور برکت دُوں گا۔
میں تیرا نام سرفراز کروں گا۔ سو تو باعثِ برکت ہوگا۔
خُدا نے ابرام اور اُس کے ناتے داروں سے ایک شاندار وعدہ کیا۔
جو تجھے مبارک کہیں اُن کو میں برکت دُوں گا۔ اور جو تجھ پر لعنت کرے اُس پر میں لعنت کروں گا۔۔۔
اور زمین کے سب قبیلے تیرے وسیلہ سے برکت پائیں گے۔
ہمیں اپنے ڈیروں کو دُور دراز لے جانا ہوگا۔
لیکن چچا جان، ہمارے پاس پہلے سے زیادہ ریوڑ ہیں اور ابھی اِن میں مزید اضافہ ہو رہا ہے!
میں یہ جانتا ہوں، ہمارا خُدا جو قادرِ مطلق ہے اُس نے ہمیں برکت دی ہے۔
لیکن خُدا نے مجھ سے واضح طور پر کلام کیا ہے کہ ہمیں ضرور روانہ ہونا ہے۔
قادرِ مطلق خُدا نے مجھ سے کلام کیا ہے کہ۔۔۔ وہ زمین کی سب قوموں کو میرے وسیلہ سے برکت دے گا۔
خُدا نے مجھ سے کہا ہے کہ وہ یقیناً ہمیں راستہ دکھائے گا۔


پس ابرہام نے حاران کا ملک چھوڑ دیا
جیسا کہ خُدا نے اُس سے کہا تھا۔
وہ کنعان کی سرزمین کی طرف روانہ ہوئے۔
جب وہ سِکم میں مورہ کے بلُوط تک پہنچا، اُس نے خُدا کی آواز سُنی جس نے اُس سے کہا۔۔۔
جس جگہ پر تو کھڑا ہے۔۔۔یہی ملک میں تیری نسل کو دُوں گا۔
میری نسل کو؟
یہ وہ جگہ ہے جہاں میں نے تیری آواز سُنی اور یہاں میں تیرے لئے ایک قربان گاہ بناؤں گا۔


ابرہام چچا جان——یہاں کھانے کے لئے کچھ زیادہ نہیں ہے۔ میں نہیں جانتا کہ ہم یہاں کس طرح ٹھہر سکتے اور زندگی بسر کر سکتے ہیں۔
خُدا نے مجھ سے اِسی زمین کا وعدہ کیا ہے لیکن ہمارے لئے اپنے خاندانوں اور ریوڑ کو خوراک دینے کے قابل ہونا بھی ضروری ہے۔
جب تک قحط ختم نہ ہو جائے ہم مصر کو چلے جائیں گے اور پھر ہم واپس یہیں آ جائیں گے۔
میں نے سُنا ہے کہ وہاں کے لوگ بُت پرست ہیں——وہ سچے خُدا کی عبادت نہیں کرتے۔ وہ بڑے دریا کے دیوتاؤں کی عبادت کرتے ہیں۔
تمہارا کیا مطلب ہے؟
وہ ایسے ہیں اور وہ اِسی طرح کرتے ہیں——اور مجھے اپنی زندگی کی فکر ہے۔
جبِ مصری دیکھیں گے کہ تم کتنی خوبصورت ہو تو میری جان کی اُن کے نزدیک کوئی قدر و قیمت نہ ہو گی۔ جب وہ جانیں گے کہ تم میری بیوی ہو تو وہ مجھے مار ڈالیں گے تا کہ تمہیں حاصل کر سکیں۔
ایسا کرو۔۔۔ تم یہ کہہ دینا کہ تم میری بہن ہو، تا کہ تیرے سبب سے میری خیر ہو۔
اُن کے پاس بہت مال و دولت تھی۔
ہاں اور بڑی خوبصورتی بھی۔۔۔
اُس کارواں میں ایک عورت بہت خوبصورت تھی۔ اُسکی خوبصورتی بیان سے باہر تھی۔
ہاں، نیل کی ہر عورت سے زیادہ خوبصورت۔
اگر وہ اتنی ہی خوبصورت ہے جتنا تم بتا رہے ہو، تو اُسے میرے پاس لانے والے کو انعام دیا جائے گا۔۔۔ اور میں اُس عورت کو اپنی حرم بنا لوں گا۔


تم واقعی ہماری سرزمین
میں رہ سکتے ہو۔لیکن ایسا کرنے سے
پہلے یہ عورت ۔ میرے ساتھ محل
میں رہے گی۔
یہ میری بہن ہے،تم نے
جو کہا یہ ویسا ہی کرے گی۔


جب وہ وہاں تھا تو ابرام کے پاس بڑی تعداد میں بھیڑ بکریاں،
گائے، بیل اور گدھے اور اونٹ اور اِس کے ساتھ ساتھ بڑی
تعداد میں غلام اور لونڈیاں اُس کے پاس ہو گئے۔


لیکن خُدا اِس سے نہ خوش تھا۔ ایسی خاتون جو ایک بڑی قوم کی ماں
بننے والی تھی ایک کمزور حرم کے طور پر ایک غیر شخص کی ملکیت تھی۔


بیماری اور آفت ایک دم سے ہمارے
اُوپر آپڑے ہیں۔ یہ شخص ابرام، ہمارے
درمیان عجیب خُداؤں کو لے آ رہا ہے
ہمیں پریشان کرنے کے لئے۔۔۔
ہو سکتا ہے ہمیں تباہ کرنے کے لئے۔


تم نے یہ کیا کِیا؟ تم نے میرے ساتھ جھوٹ کیوں بولا اور مجھے بتایا کہ یہ تمہاری بہن ہے؟ مجھے پتا چلا ہے کہ یہ عورت تمہاری بیوی ہے!
اس مرد کو۔ اور اُسکی بیوی کو۔ میری نظروں سے دور لے جاؤ تا کہ میرا پورا گھرانہ شفا اور بحالی پائے۔
وہ اور اُس کی ہر چیز جو اُنکی ملکیت ہیں اُس کے ساتھ جانے دو۔
چچا جان، اب ہم کہاں جائیں گے؟
ہم کنعان کے جنوب سے سفر کرتے ہوئے۔ بیت ایل کو جائیں گے۔
بہت سے مویشوں اور ریوڑ کے ساتھ؟ یہ سرزمین ہمارے لئے موزوں ہوگی؟
یہ قادرِ مطلق کی طرف سے برکت ہے۔ سب کچھ جو ہم نے پایا اُس کے ہاتھ میں ہے۔ اُس نے اِس موعودہ سرزمین میں میرے ساتھ بھلائی کا یقین دلایا ہے۔ یہی وہ سرزمین ہے جہاں مجھے لوٹ کر واپس آنا ہے۔
خُدا تو مجھے وعدہ کی ہوئی سرزمین میں واپس لے آیا ہے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں میں تیری عبادت کروں گا اور اپنے لوگوں کو رکھوں گا تا کہ وہ یہاں تیرے نام کو جانیں۔




پیدائش 13:5-18


زرخیز علاقوں کو حاصل کرنے کے لئے اکثر جنگیں ہوا کرتی تھیں جس کے لئے ہر ایک بادشاہ بڑی بڑی فوج بناتا اور اُنہیں طاقت اور دولت کے حصول کے لئے استعمال کرتا تھا۔
اِس طرح کی جنگ سدُوم اور عمورہ کے علاقہ میں بھی ہوئی جس میں اُس علاقہ میں بسنے والے لوگ جن میں لُوط اور اُسکا خاندان بھی شامل تھا لوٹ لیا گیا۔
آقا دیکھیے۔ لُوط کے چرواہوں میں سے ایک ہماری طرف آرہا ہے۔
دیکھتے ہیں کہ وہ کیا چاہتا ہے۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ میرا بھتیجا خیریت سے ہوگا۔
جنگ ہوئی ہے۔ چار کے مقابلہ میں پانچ بادشاہوں کی۔ بہت سے سدیم کی وادی میں موجود نفت کے گڑھوں میں گر گئے۔ لُوط اور جو کچھ اُسکا تھا وہ سب غلام بن چکے ہیں۔
اُسے تازہ دم کرنے کے لئے کچھ پلاؤ۔ پھر وہ ہمیں راستہ بتائے گا۔
ہمارے سب جنگی مردوں کو اکٹھا کرو۔ اُن سب کی تعداد 318 تھی۔ ممرے اموری، اسکال اور عانیر جو میرے ہم عہد ہیں اُنکے پاس جاؤ اور اُنہیں ہمارے ساتھ شامل ہونے کو کہو۔
ہم اپنے بھتیجے اور اُسکے خاندان کو بچانے کے لئے سفر کریں گے۔
میرے آقا، ابرام، جیسا آپکا حکم۔


آدمیوں میں سے ایک شخص اس خبر کے ساتھ واپس آیا کہ بادشاہ رات گزارنے کے لئے وادی میں رُکے ہیں۔قوی امکان ہے کہ لوط اور اُسکا خاندان ابھی تک اُنکے ساتھ ہوں۔
بہت خُوب، بادشاہی وادی۔ہم آدمیوں کو تقسیم کریں گے اور آگے بڑھیں گے۔اندھیرا اور اچانک حملہ ہمارے اضافی ہتھیار ہونگے۔
واہ!!!
چچاجان– آپ ہماری مدد کے لئے آئے ہیں۔
یہ ملک صدقِ ہے۔سالم کا بادشاہ اور اسکے ساتھ سدوم کا بادشاہ بھی ہے۔


میرے پیچھے میرے لوگ تمہارے لئے مے اور روٹیاں لے کر آ رہے ہیں تا کہ تمہاری بڑی فتح کے بعد تمہیں تازہ دم کر سکیں۔
لیکن میں اُس سے بھی زیادہ لایا ہوں۔۔۔ خُداوند تعالیٰ کی طرف سے برکت۔
خُداوند تعالیٰ کی طرف سے جو آسمان اور زمین کا مالک ہے ابرام مبارک ہو۔ اور مبارک ہے خُدا تعالیٰ جس نے تیرے دشمنوں کو تیرے ہاتھ میں کر دیا۔
اَے ملک صدِق خُدا تعالیٰ کے کاہن، میں سب چیزوں کا دسواں حصّہ تجھے دیتا ہوں۔ میں خُداوند تعالیٰ کو عزت دیتا ہوں جس نے مجھے یہ بڑی فتح بخشی۔
ابرام، مجھے آدمی دے دے اور مال کو اپنی جیت کے اعزاز میں اپنے لئے رکھ لے۔
میں ایسا نہیں کرونگا۔ میں نے خُداوند خُدا تعالیٰ سے قسم کھائی ہے۔
میں تجھ سے کوئی چیز نہ لوں گا، نہ تو کوئی دھاگا نہ جوتی کا تسمہ تا کہ تو یہ نہ کہہ سکے کہ "میں نے ابرام کو دولت مند بنا دیا۔"
عانیر اسکال اور ممرے۔۔۔ جنہوں نے میرے ساتھ ہاتھ مِلائے اور اپنے آدمی دیے۔ مال کا حصّہ دے دو۔
اپنے لئے میں تمہارے ہاتھ سے کچھ نہ لوں گا۔


اَے ابرام، تو مت ڈر میں
تیری سپر اور تیرا بہت بڑا اجر ہوں۔
قادر مطلق خُدا، تو مجھے کیا دے گا
کیونکہ میں اور ساری تو بے اولاد ہیں؟
تو نے مجھے کوئی اولاد نہیں دی
اس لیے میرا نوکر میرا وارث ہوگا۔
باہر آؤ۔
تیرا نوکر تیرا وارث نہ ہوگا بلکہ وہ جو تیرے
صُلب سے پیدا ہوگا وہی تیرا وارث ہوگا۔
آسمان کی طرف نگاہ کر اور اگر
تو سِتاروں کو گن سکتا ہے تو گِن۔
تیری اولاد ایسی ہی ہوگی۔
ابرام خُدا پر ایمان لایا اور اسے اس
کے حق میں راستبازی شمار کیا گیا۔
خُداوند خُدا، میں کیونکر جانوں کہ میں
اُس سرزمین کا وارث ہوں گا؟
میرے لئے ایک بچھیا، ایک بکری اور ایک
مینڈھا جن کی عمریں تین تین برس ہوں
اور ایک قمری اور کبوتر کا بچہ لا۔


میرے پاس اُن جانوروں کولاؤ جنہیں میں نے چُنا ہے تا کہ میں خُدا کے حضور اُنکی قربانی پیش کرسکوں۔
چلے جاؤ۔
یقین جان کہ تیری نسل کے لوگ ایسے ملک میں جو اُن کا نہیں، پردیسی ہوں گے اور وہاں کے لوگوں کی غلامی کریں گے اور وہ 400 برس تک اُنکو دُکھ دیں گے۔






پیدائش 15:14-21


مجھے اولاد چاہیے۔
کیا میں خُدا ہوں اور ایسا کرنے کے قابل ہوں؟ جو کچھ تو مانگ رہی ہے خُدا کے ہاتھ میں ہے، آدمیوں کے نہیں۔
مجھے اولاد چاہیے۔ اپنی لونڈی ہاجرہ کے ذریعہ۔ خُداوند نے مجھے اولاد سے محروم رکھا ہے سو تو میری لونڈی کے پاس جا شاید اُس سے میرا گھر آباد ہو۔
کیا تمہیں اس کا یقین ہے۔
ہاں۔



پیدائش 16:1-4



میرے پاس روٹی بنانے کے لئے آٹا لاؤ۔
میں ایسا نہیں کر سکتی، مجھے آرام کرنا ہے تاکہ تمہارے شوہر کو ایک توانا بچہ دے سکوں۔
بچہ میرا ہوگا جسکی میں پرورش کرونگی۔
تم اس قابل نہ تھی، لیکن میں اپنے آقا ابرام کو وہ دے رہی ہوں جسکی وہ مدت سے آرزو کرتا تھا۔
جو ظلم مُجھ پر ہوا وہ تیری گردن پر ہے۔ میں نے اپنی لونڈی تیری آغوش میں دی اور اب جو وہ حاملہ ہوئی تو مجھے حقیر جاننے لگی۔
خداوند تیرے اور میرے درمیان انصاف کرے۔
میں نے وہی کیا جو تم نے چاہا تھا۔
تیری لونڈی تیرے ہاتھ میں ہے جو تجھے بھلا دکھائی دے۔ سو اُسکے ساتھ کر۔
تم سُست نوکر۔ جیسا میں نے صبح بولا ہے کھانا بناؤ۔ ورنہ میں کوڑا لاؤں گی اور تمہیں یاد دِلاؤں گی کہ میں تمہاری مالکن ہوں۔
تمہاری قدر محض وہ بچہ ہے جسے تم جنم دینے کو ہو اور میں اُسے جلد ہی تم سے لے لوں گی اور پھر کبھی اُسے ہاتھ نہ لگانے دونگی۔



اَے ساری کی لونڈی ہاجرہ، تو کہاں سے آئی اور کدھر جاتی ہے؟
میں اپنی بی بی اور اُسکے سخت سلوک کی وجہ سے بھاگ رہی ہوں۔
تو اپنی بی بی کے پاس لوٹ جا اور اپنے آپ کو اُسکے قبضہ میں کر دے۔
میں تمہاری اولاد کو بہت بڑھاؤں گا یہاں تک کہ کثرت کے سبب سے اُسکا شمار نہ ہو سکے گا۔
تو حاملہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا اُس کا نام اسمٰعیل رکھنا اس لئے کہ خُداوند نے تیرا دُکھ سُن لیا ہے۔
وہ گورخر کی طرح آزاد مرد ہوگا۔ اُس کا ہاتھ سب کے خلاف اور سب کے ہاتھ اُس کے خلاف ہوں گے اور وہ اپنے سب بھائیوں کے سامنے بسا رہے گا۔
اَے خُداوند تو بصیر ہے۔
اب میں نے اُسے دیکھ لیا ہے جو مجھے دیکھتا ہے۔
آقا ابرام، آپکو مبارک ہو۔ آپکا بیٹا پیدا ہوا ہے۔
اسکا نام اسمٰعیل ہوگا۔


میں خدائے قادر ہوں۔ تو میرے حضور میں چل اور کامل ہو۔
میں تیرے ساتھ عہد باندھوں گا اور تجھے بہت زیادہ بڑھاؤں گا۔
تیرا نام پھر سے ابرام نہیں کہلائے گا بلکہ تیرا نام ابرہام ہوگا کیونکہ میں نے تجھے بہت قوموں کا باپ ٹھہرا دیا ہے۔
میں تجھے بہت برومند کرونگا اور قومیں تیری نسل سے اور بادشاہ تیری اولاد سے ہونگے۔
میرا ابدی عہد تمہارے ساتھ اور تمہارے بعد تمہاری نسل کے ساتھ ہوگا۔
میں تجھ کو تیرے بعد تیری اولاد کو کنعان کا ملک جس میں تو پردیسی ہے ایسا دوں گا کہ وہ دائمی ملکیت ہو جائے۔ اور میں اُن کا خُدا ہوں گا۔
اور میرا یہ عہد میرے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان ہے کہ تم میں سے ہر ایک فرزند نرینہ کا ختنہ کیا جائے۔ خواہ وہ گھر میں پیدا ہو خواہ اُسے کسی پردیسی سے خریدا ہو۔






پیدائش 17:15-27


اَے میرے خُداوند اگر مجھ پر آپ نے کرم کی
نظر کی ہے تو ٹھہریں اور آرام کریں اور مجھے
اپنے پاؤں دھونے دیں۔
میں کچھ روٹی لاتا ہوں۔
آپ تازہ دم ہو جائیں۔
تب آگے بڑھیں۔
جیسا تو نے کہا
ہے ویسا ہی کر۔
جلدی کرو۔ باریک آٹا لو
اور اُس سے پُھلکے بناؤ۔
یہ موٹا تازہ بچھڑا لو اور
اسے فوراً تیار کرو۔


تمہاری بیوی سارہ کہاں ہے؟
خیمہ کے اندر۔
میں پھر اسی موسم میں تیرے پاس آؤں گا اور دیکھ تیری بیوی سارہ کے بیٹا ہوگا۔
میری حالت اب وہ نہیں رہی جو عورتوں کی ہوتی ہے اور میرا شوہر ضعیف ہو چکا ہے کیا مجھے یہ شادمانی مل سکتی ہے؟
تمہاری بیوی کیوں ہنسی اور یہ کہا کہ ”کیا میرے واقعی بیٹا ہوگا؟“
کیا خُداوند کے نزدیک کوئی بات مشکل ہے؟
میں مُعین وقت پر تیرے پاس پھر آؤں گا اور سارہ کے بیٹا ہوگا۔
میں نہیں ہنسی۔
نہیں تو ضرور ہنسی ہے۔
ہمیں جانا ہوگا۔
آیئے میں آپکے ساتھ چل کر آپکو رُخصت کرتا ہوں مجھے نظر آرہا ہے کہ آپ سدُوم کا رُخ کرنے والے ہیں۔


جو کچھ میں کرنے کو ہوں کیا اُسے ابرہام سے پوشیدہ رکھوں؟
ابرؔہام سے تو یقیناً ایک بڑی اور زبردست قوم پیدا ہو گی اور زمین کی سب قومیں اُس کے وسیلہ سے برکت پائیں گی۔
کیونکہ مَیں جانتا ہُوں کہ وہ اپنے بیٹوں اور گھرانے کو جو اُس کے پیچھے رہ جائیں گے وصیّت کرے گا کہ وہ خُداوند کی راہ میں قائم رہ کر عدل اور اِنصاف کریں تا کہ جو کُچھ خُداوند نے ابرؔہام کے حق میں فرمایا ہے اُسے پُورا کرے۔
سدُوم اور عمُورہ کا شور بڑھ گیا اور اُن کا جُرم نہایت سنگین ہو گیا ہے اس لِئے مَیں اب جا کر دیکھوں گا کہ کیا اُنہوں نے سراسر ویسا ہی کِیا ہے جیسا شور میرے کان تک پُہنچا ہے۔
شاید اُس شہر میں پچاس راست باز ہوں۔ کیا تُو اُسے ہلاک کرے گا؟
اور اُن پچاس راست بازوں کی خاطِر جو اُس میں ہوں اُس مقام کو نہ چھوڑے گا؟
کیا تمام دُنیا کا اِنصاف کرنے والا اِنصاف نہ کرے گا؟
اگر مُجھے سدُوم میں شہر کے اندر پچاس راست باز ملیں تو مَیں اُن کی خاطِر اُس مقام کو چھوڑ دُوں گا۔


مہربانی سے خُداوند مجھے بات کرنے دے اگرچہ مَیں خاک اور راکھ ہُوں۔
شاید پچاس راست بازوں میں پانچ کم ہوں۔ کیا اُن پانچ کی کمی کے سبب سے تُو تمام شہر کو نیست کرے گا؟
اُس نے کہا اگر مجھے وہاں پینتالیس مِلیں تو مَیں اُسے نیست نہیں کرُوں گا۔
پھر اُس نے اُس سے کہا کہ شاید وہاں چالیس مِلیں۔
مَیں اُن چالیس کی خاطِر بھی یہ نہیں کرُوں گا۔
خُداوند ناراض نہ ہو تو مَیں کُچھ اَور عرض کرُوں۔
شاید وہاں تیس مِلیں؟
اگر مجھے وہاں تیس بھی مِلیں تو بھی اَیسا نہیں کرُوں گا۔
مَیں نے خُداوند سے بات کرنے کی جُرأت کی۔ شاید وہاں بیس مِلیں؟
اُس نے کہا مَیں بیس کی خاطِر بھی اُسے نیست نہیں کرُوں گا۔
تب اُس نے کہا خُداوند ناراض نہ ہو تو مَیں ایک بار اَور کُچھ عرض کرُوں۔
شاید وہاں دس مِلیں؟
اُس نے کہا مَیں دس کی خاطِر بھی اُسے نیست نہیں کرُوں گا۔


اَے میرے خُداوندا اپنے خادِم کے گھر تشریف لے چلئے اور رات بھر آرام کریں اور اپنے پاؤں دھویے اور صُبح اُٹھ کر اپنی راہ لیجئے۔
نہیں، ہم چوک ہی میں رات کاٹ لیں گے۔
نہیں، میں آپ سے منت کرتا ہوں کہ آپ میرے گھر مہمان ہوں۔
ہمارے گھر میں دور دراز سے مہمان آئے ہیں مہربانی سے اُنکے لئے کھانا تیار کرو۔
ٹھک ٹھک
ہم نے اُن مردوں کو رات کے وقت شہر میں آتے دیکھا ہے۔ وہ کہاں ہیں؟
اُنہیں باہر لاؤ تا کہ ہم اُنکے متعلق جان سکیں۔
ہاں ہاں۔۔ ہم اُنکے لئے تیار ہیں۔


اَے بھائیو! اَیسی بدی تو نہ کرو
میری دو بیٹیاں ہیں جو مَرد سے واقِف نہیں ہیں۔
مرضی ہو تو مَیں اُن کو تُمہارے پاس لے آؤں اور جو تُم کو بھلا معلُوم ہو اُن سے کرو۔
مگر اِن مَردوں سے کُچھ نہ کہنا کیونکہ وہ اِسی واسطے میری پناہ میں آئے ہیں۔
یہ شخص ہمارے درمیان قیام کرنے آیا تھا اور اب حکومت جتاتا ہے۔
ہم تیرے ساتھ اُن سے زِیادہ بدسلُوکی کریں گے۔
ہمیں ابھی اندر جانے دو۔
مجھے کچھ دکھائی نہیں دے رہا۔ لیکن میں اُن نئے مردوں کو تلاش کرونگا۔
دروازہ تلاش کرنے میں میری مدد کرو۔
اُسے چھوڑو۔ سب سے پہلے میں اُن مردوں سے مِلوں گا۔



کیا یہاں تیرا اَور کوئی ہے؟ داماد اور اپنے بیٹوں اور بیٹیوں اور جو کوئی تیرا اِس شہر میں ہو۔
سب کو اِس مقام سے باہر نکال لے جا۔ کیونکہ ہم اِس مقام کو نیست کریں گے۔
اِس لئے کہ اُن کا شور خُداوند کے حضُور بہُت بُلند ہُوا ہے اور خُداوند نے اُسے نیست کرنے کو ہمیں بھیجا ہے۔
یہاں دو مرد ہیں جن سے میری بیٹیوں کی نسبت ہوئی، میں اُنہیں بلاتا ہوں۔
کیسی بے تکی کہانی ہے، یقیناً تم بہت زیادہ نشہ میں ہو۔
یقیناً تم مذاق کر رہے ہو۔ سدُوم تو سب سے خوشحال اور رہنے کے لئے محفوظ مقاموں میں سے ایک ہے۔
خُدا کا عذاب۔ اُف۔ یہ واحد ہے جسکے بارے میں مَیں نے پہلے کبھی نہیں سُنا۔
کیا سزا ہے بھئی!
جب صُبح ہُوئی تو فرِشتوں نے لُوط سے جلدی کرائی اور کہا کہ اُٹھ اپنی بیوی اور اپنی دونوں بیٹیوں کو جو یہاں ہیں لے جا۔ اَیسا نہ ہو کہ تُو بھی اِس شہر کی بدی میں گرِفتار ہو کر ہلاک ہو جائے۔






پیدایش 19:15-23


شہر میں دس راستباز آدمی نہ ملنے کے بعد خُدا نے اپنے وعدہ کے مطابق تباہی و بربادی نازل کی۔


خُداوند نے اُن شہروں کو اور اُس ترائی کی ساری زمِین کو اور
سب کُچھ جو زمِین سے اُگا تھا غارت کِیا۔
پیدائش 19:24-25


بیگم، جلدی کرو ہمارے ساتھ
رہو — پیچھے مُڑ کر مت دیکھنا
مگر اُس کی بیوی نے اُس کے پیچھے سے مڑ
کر دیکھا اور وہ نمک کا سُتُون بن گئی۔
جب خُدا نے اُس ترائی کے شہروں کو نیست کِیا تو خُدا
نے ابرہام کو یاد کِیا۔ اور اُن شہروں کو غارت کرتے
وقت لُوط کو اُس بلا سے بچایا۔


لُوط ضُغر شہر میں نہ ٹِکا کیونکہ اُسے وہاں کے باشندوں سے ڈر لگتا تھا۔
شاید وہ اِس بات سے خوفزدہ تھا کہ اُس پر ترائی کے علاقوں کی تباہی کا الزام عائد کیا جائے گا۔ یا مزید سزا نازل ہونا باقی تھی۔
ہمارا باپ بُڈھا ہے اور زمِین پر کوئی مَرد نہیں جو دُنیا کے دستُور کے مُطابِق ہمارے پاس آئے۔
آؤ ہم اپنے باپ کو مَے پِلائیں اور اُس سے ہم آغوش ہوں تاکہ اپنے باپ سے نسل باقی رکھّیں۔
سو اُنہوں نے اُسی رات اپنے باپ کو مَے پِلائی اور پہلوٹھی اندر گئی اور اپنے باپ سے ہم آغوش ہُوئی۔
اگلی شام اُنہوں نے دوبارہ ایسا ہی کیا اور دوسری بیٹی اندر گئی اور اپنے باپ سے ہم آغوش ہوئی۔
اُس نے نہ جانا کہ وہ کب لیٹی اور کب اُٹھ گئی۔
اُنہوں نے لڑکوں کو جنم دیا جن سے موآبی اور عمونی برپا ہوئے - اسرائیل کے مُستِقل دُشمن۔


اسی دوران ابرہام کسی اور علاقہ میں جابسا۔
یہ عورت تو بڑی خوبصورت ہے۔
جی ہاں، یہ میری بہن ہے۔
جب ابرہام نے جرار میں قیام کیا جسکا بادشاہ ابی ملک تھا تو اُس نے پھر سے خُدا پر بھروسا رکھنے کی بجائے دھوکہ دہی سے کام لیا۔
دیکھ تو اُس عورت کے سبب سے جسے تو نے لیا ہے ہلاک ہوگا کیونکہ وہ شوہر والی ہے۔
تو نے یہ سب سچے دِل سے کیا لیکن تو اُسے واپس کر دے کیونکہ وہ نبی کی بیوی ہے۔
اگر تو واپس نہ کرے، میں تجھے ہلاک کرونگا۔
ہم نے تیرا کیا قصور کیا ہے کہ تو ہماری بادشاہی پر ایک گناہ عظیم لایا؟
میں نے سوچا کہ یہاں پر خُدا کا خوف نہیں ہے اس لئے وہ مجھے مار ڈالیں گے۔
اور میری بہن بھی ہے۔ میرے باپ کی بیٹی۔
ابرہام، میں تمہیں بھیڑ بکریاں، گائے بیل اور غلام دیتا ہوں۔ میرا ملک تیرے سامنے ہے۔
اور تجھے جو اُسکی بیوی ہے۔ میں تیرے بھائی کو چاندی کے ہزار سکے دیتا ہوں تا کہ اس جرم کو ڈھانپا جا سکے۔
اب میرے لئے اور میرے خاندان کے لئے دُعا کرو۔ کیونکہ جب سے تم یہاں آئے ہو میرے خاندان کے سب رَحم بند ہوگئے ہیں۔


اور جس طرح خُدا نے وعدہ کیا تھا سارہ کے ساتھ کیا۔
واہ!
مالک، آپکے ہاں بیٹا پیدا ہوا ہے۔
اُسکا نام اضحاق ہوگا۔ وہ ہمارے لئے ہنسی لائے گا۔
خُدا نے مجھے ہنسایا اور جو کوئی یہ سُنے گا ہنسے گا۔
کون یہ کہہ سکتا تھا کہ سارہ اس بڑھاپے میں دودھ پلائے گی؟
خُدا نے وعدہ کیا۔۔۔ اور اُس نے اپنے وعدہ کے مطابق ہمیں دیا۔
ہر کوئی یہ سوچتا کہ کیا یہ ممکن ہے؟
ابرہام کا خدا یقیناً حقیقی خُدا ہے۔



پیدائش 21:1-7


جیسے جیسے وعدہ کا فرزند بڑا ہوتا گیا۔ ڈیرہ میں مشکلات بھی بڑھتی گئیں۔
جی بھر کر کھاؤ اور پیئو۔ میرا بیٹا اضحاق اب اپنی ماں پر انحصار نہیں کرتا اور ہمارے ساتھ کھانے پینے سے لطف اندوز ہوتا ہے۔
اُسکا بیٹا! مجھ سے پیدا ہونے والے اُسکے بیٹے کا کیا ہوگا؟
تم کس قسم کے لڑکے ہو؟ تم ابھی تک دوڑتے بھاگتے اور شکار نہیں کرتے۔ تم صرف خیموں کے آس پاس اپنے مال کے ساتھ چمٹے رہنا پسند کرتے ہو۔
تمہیں اُس لونڈی اور اُسکے بیٹے سے چھٹکارا حاصل کرنا ہوگا۔ اُنکا ہمارے بیٹے کے ساتھ وراثت میں کوئی حق نہیں ہے۔
لیکن وہ بھی تو میرا حصّہ ہے۔
نہیں! ہرگز نہیں۔ وہ کبھی میرے بیٹے اضحاق کے ساتھ وارث نہ ہوگا۔
اس معاملہ نے ابرہام کو بڑا غمگین کیا سو اُس نے اس مشکل سوال کے جواب کے لئے خُدا سے رابطہ کیا۔
تُو اِس معاملہ کی وجہ سے پریشان نہ ہو۔ لڑکا اور اُسکی ماں دونوں کا خیال رکھا جائے گا۔
اضحاق سے تیری نسل کا نام چلے گا۔
اور اُس لونڈی کے بیٹے سے بھی میں ایک قوم پیدا کروں گا اس لئے کہ وہ تیری نسل ہے۔



اگلے روز صبح کے وقت ابرہام نے ہاجرہ اور اسمٰعیل کو سامان دے کر رخصت کیا۔
لیکن بیابان کا سفر اتنا لمبا ہو گیا کہ اُنکے پاس پانی ختم ہو گیا۔
ہم دونوں پر رحم کرو ابرہام کے خُدا۔ میں لڑکے کو مرتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتی۔
مت ڈر کیونکہ خُدا نے اُس جگہ سے جہاں لڑکا پڑا ہے اُسکی آواز سن لی ہے۔
اُٹھ اور لڑکے کو اُٹھا اور اُسے اپنے ہاتھ سے سنبھال کیونکہ میں اُسکو ایک بڑی قوم بناؤں گا۔
پھر خُدا نے اُس کی آنکھیں کھولیں اور اُس نے پانی کا ایک کنواں دیکھا جہاں سے وہ پانی کی مشک بھر سکتی تھی۔
اور خُدا اُس لڑکے کے ساتھ تھا اور وہ بڑا ہوا اور اُسکی ماں اُسکے لئے ملکِ مصر سے بیوی لائی۔






پیدایش 21:22-34


اسکے بعد خُدا نے ابرہام کی تابعداری کا ثبوت مانگا۔
ابرہام!
خُداوند میں حاضر ہوں۔


اپنے بیٹے کو جس سے تو پیار کرتا ہے ساتھ لے اور موریاہ کے ملک کو جا۔
وہاں اُس پہاڑ میں سے ایک پر جو میں تجھے بتاؤں گا سوختنی قربانی کے طور پر پیش کر۔


تب ابرہام نے صبح سویرے اُٹھ کر اپنے گدھے پر چارجامہ کسا اور اپنے ساتھ دو جوانوں اور اپنے بیٹے اضحاق کو لیا۔
اس کے بعد ابرہام نے سوختنی قربانی کے لئے لکڑیاں اکٹھی کیں، اور وہ اُس جگہ کو جو خُدا نے اُسے بتائی تھی روانہ ہوا۔


تیسرے دِن ابرہام نے نِگاہ کی اور اُس پہاڑ کو دُور سے دیکھا۔
تُم دونوں یہیں گدھے کے پاس ٹھہرو۔ مَیں اور یہ لڑکا دونوں ذرا وہاں تک جاتے ہیں۔
ہم جائیں گے اور سجدہ کر کے پھر واپس تمہارے پاس لوٹ آئیں گے۔
ابرہام نے سوختنی قُربانی کی لکڑیاں لے کر اپنے بیٹے اِضحاق پر رکھیں۔
جبکہ ابرہام نے آگ اور چُھری اپنے ہاتھ میں لی۔
ابا جان؟
ہاں، میرے بیٹے؟
ہمارے پاس آگ اور لکڑیاں تو ہیں پر سوختنی قربانی کے لئے برّہ کہاں ہے؟
اَے میرے بیٹے خُدا آپ ہی اپنے واسطے سوختنی قربانی کے لئے برّہ مہیا کرے گا۔



پیدائش 22:4-8


ابرہام نے ایک قُربان
گاہ بنائی۔۔
ابرہام نے قُربان گاہ پر
لکڑِیاں چُنِیں۔۔
ابرہام نے اپنے بیٹے
اِضحاق کو باندھا
اور اُسے قُربان گاہ پر
لکڑیوں کے اُوپر رکھا۔۔۔




پیدایش 22:10


اَے ابرہام!
اُس نے کہا میں حاضر ہوں۔
تُو اپنا ہاتھ لڑکے پر نہ چلا-اب میں جان گیا کہ تُو خُدا سے ڈرتا ہے اِس لِئے کہ تُو نے اپنے بیٹے کو بھی جو تیرا اِکلوتا ہے مُجھ سے دریغ نہ کِیا۔
پھر ابرہام نے نِگاہ کی اور قربانی کے اُس برہ کو دیکھا جو خُدا نے مہیا کیا تھا۔
اُس مقام کا نام یہوواہ یِری رکھّا گیا۔ چُنانچہ آج تک یہ کہاوت ہے کہ خُداوند کے پہاڑ پر مُہیّا کِیا جائے گا۔







پیدایش 22:15-19

"THE BIBLE EXPLAINED IN EVERY LANGUAGE."





# SUPERBIBLE.TV